| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فیصلہ آپ کریں۔۔۔

قارئین کرام بریلوی مذہب کے بانی مولوی احمد رضا خان صاحب جن کے متعلق بریلوی حضرات کا عقیدہ ہے کہ وہ معصوم عن الخطاء تھے نے اپنی کتاب "احکام شریعت" میں فتوی دیا ہے کہ داڑھی منڈے کو امام بنانا ناجائز ہے کیونکہ وہ فاسق و ملعون ہے۔ قرآن میں اس پر لعنت اور حدیث میں حضور ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ فرمایا ہے۔ مگر میں نیچے بریلویوں کے امام اہلسنت جن کے متعلق ان کے معتقدین کا عقیدہ ہے کہ "شاہ احمد نورانی صاحب" کی امامت "منصوص علیہ" ہے (معاذ اللہ) کی ایک تصویر دے رہا ہوں جس میں وہ لیبیا کے صدر منکر حدیث کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں جو داڑھی منڈا فاسق و ملعون ہے۔ قارئین کرام فیصلہ آپ کریں کہ کیا ایسے شخص کو امام اہلسنت کا لقب دینا اور اس کو سیاست اور خلافت میں اپنا امام و قائد تسلیم کرنا درست ہے جو نماز جیسی عبادت میں ایک فاسق و ملعون جسے حضور ﷺ نے قتل کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہو کو اپنا امام بنائے۔۔۔؟؟؟

نوٹ: اگر کوئی بریلوی اس کا جواب دینا چاہے تو براہ کرم قرآن پاک کی وہ آیت بھی بتلا دے جس میں داڑھی منڈے پر اللہ تعالی نے لعنت فرمائی ہو اور اس حدیث کا مکمل حوالہ بھی دیا جائے جس میں داڑھی منڈے پر حضور ﷺ کی طرف سے ارادہ قتل وغیرہ کی وعید آئی ہو۔۔ ورنہ احمد رضا خان صاحب کی دیانت و امانت کے متعلق سوال اٹھ سکتا ہے۔

www.RazaKhaniMazhab.tk

www.Haqforum.com

www.ahlehaq.com

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ ۝

احکامِ شریعت

مکمل تین ۳ حصے

تصنیف

اعلیحضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

تصویر بہ طور سند متعلقہ ص ۱۴۶

ص ۱۴۶ کا ایک بار پر مطالعہ کر لیجیے اور پھر اس تصویر کو دیکھیے۔ لیبیا کے معمر قذافی جو اہل قرآن۔ یعنی منکر حدیث ہے، کی اقتدا میں شاہ احمد نورانی نماز پڑھ رہے ہیں۔ حال ہی میں ان کے حالات پر ایک کتاب شائع ہوئی ہے، جس میں آپ کا قول ''زریں'' نقل کیا گیا ہے کہ ''میں نے کبھی بدمذہب کے پیچھے نماز نہیں پڑھی'' اور اس کی تشریح میں بدمذہب حرمین شریفین کے ائمہ کرام اور فقہ حنفی پر ثابت قدم علمائے اہل سنت و جماعت دیوبند شامل ہیں۔ اسی پر بس نہیں، بلکہ اس پر اللہ کا شکر بھی ادا کیا گیا ہے۔ یا للعجب!

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ منکرین حدیث کیا رضا خانی فرقے سے تعلق رکھتے ہیں؟ جماعت رضا خانیت پر اس کا جواب ادھار ہے۔ ویسے یہ تصویر کئی سوالوں کو جنم دے رہی ہے اور میاں جی کے دعوے کو منہ چڑا رہی ہے، جب کہ ''اتحاد بین المسلمین'' کے داعی ہونے کا گھمنڈ بھی ہے۔